THE BOOK WAS DRENCHED

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_222423

UNIVERSAL
LIBRARY

ان من الشعر لحکمة وان من البیان لسحرا

الحمد للہ والمنہ دیوان مستطاب لاجواب مقبول عام پسند مدید شعرای ذی مسمے بہ

یادگار رفتے

معروف بہ تحفہ رفتے

شربت شوق

۱۳۰۸

از انشاء عنادل خیال ایجاد بیمثال مولانا جناب محمد نقی صاحب دام ظلہ المتخلص برفتے

در مطبع نامی سمن مفید دکن واقع بلدہ حیدرآباد دکن طبع شد

۱۳ھ

۱۰۳۸۰
۵۳۵۱



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدور نہیں خلق کو خالق کی ثنا کا
کیا اسکو سزا ہے کوئی پابند ہوا کا

سب تابع فرمان ہیں کیا انجم و افلاک
مالک ہے وہی مملکت ہر دو سرا کا

ہے جنکے تئیں یاد الست ازلی کی
وہ بھولتے نہیں زنہار حرف بلیٰ کا

یارب تیری رحمت سے یہہ امید قوی ہے
ہو محو میرے نامہ سے حرف خطا کا

امت میں رکھا مجھکو رسول عربی کی
کیا شکر ادا مجھ سے ہو اس لطف و عطا کا

اولاد نبی آل اور اصحاب نبی پر
تحفہ ہے روان شام و سحر صل علی کا

ہیں شافع کونین ہی سرور عالم
اندیشہ تجھے کیا ہے سقے روز جزا کا

تن میں جب تک میرے دم ہے یا محمد مصطفے
جسم و جان کے لب پہ صم ہے یا محمد مصطفے

عرش پر مکتوب ہے جسے تمہارا اسم پاک
لوح قربان اور قلم ہے یا محمد مصطفے

ذرہ تمہاری ذات اقدس سے وجود کائنات
ورنہ دم بھر میں عدم ہے یا محمد مصطفے

ابتدائے خلق سے تا حشر مجرے کے لئے
پشت پر چرخ خم ہے یا محمد مصطفے

سب تمہاری ہی جلو ہے انبیا و اولیا
واہ کیا شان و حشم ہے یا محمد مصطفے

کیا کہون کیا شے ہے خس اس استان پاک کا
تاج کی اکلیل جم ہے یا محمد مصطفے

چہرۂ تابان تمہارا کیا کہون جسپر تپنگ
شمع قندیل حرم ہے یا محمد مصطفے

چومتے ہین پاؤن اسکا اولیا اللہ تمام
آپکا جسپر قدم ہے یا محمد مصطفے

وصف کرتا ہے تمہارا جب خدائے بے نیاز
جو سراہون مین سو کم ہے یا محمد مصطفے

مدح مین آپہی کے ہے توریت و انجیل و زبور
اور قران سب رقم ہے یا محمد مصطفے

نیر ملک عرب ہی روے روشن آپکا
اور مہتاب عجم ہے یا محمد مصطفے

جرم میرے بخشوا و یا شفیع المذنبین
چشم تر اس غم سے نم ہے یا محمد مصطفے

ہو مجھے تریاق شیرین تلخکامی ترع کی
جان کنی کا جام سم ہے یا محمد مصطفے

چھوٹیگا مین نہین دامن تمہاری آل کا
مجھکو اللہ کی قسم ہے یا محمد مصطفے

ہی تمہارے نام پر قربان نقی بے شبہ و شک
بس یہ کہتا دمبدم ہے یا محمد مصطفے

ہی سخن قید مین جبتک نہ زبان سے نکلا
جب کیا تیر ہے گویا کہ کمان سے نکلا

گرچہ پیل پھول نہین سرو کو لیکن ہے بہار
جب کہ آزاد ہوا طیش خزان سے نکلا

مجھ سیانے سے ہے سو بار بھلا دیوانہ
جو نہین ہوش مین ہے نفع و زیان سے نکلا

مہربان آپکا مین عیب ہنر جان گیا
اصل مطلب جو میرا انتہا سو بیان سے نکلا

ہی خداداد اگر طفل سے ہو کار بزرگ
وہ کیا کام نہ مرد ہمہ دان سے نکلا

اے تقی مہر خموشی کی ہے لب پر بہتر
جب کوئی کام نہ کچھ شور و فغان سے نکلا

زمانہ عالم ہستی ہی یا کہ خواب ہے کیا
کہون مین کسکے تئین خواب و جواب ہی کیا

چمن مین آج نہایت ہی بلبلون کا ہجوم
بہار آئی ہے پھر موسم گلاب ہے کیا

ہوا گمان شب اُس مہجبین کے آنے سے
کہ چرخ سے اُتر آیا یہ ماہتاب ہے کیا

ہماری آنکھونپہ ہے پردہ مانع دیدار
وگرنہ عاشق و معشوق مین حجاب ہی کیا

سبھونکو آمد و شد کا ہے اِذن محفل مین
جناب رو کے کسی دربان مجھی عتاب ہی کیا

دمادم آتی ہے بوٗ مجھکو گوشت بریان کی
ہوا کسیکا کلیجہ مگر کباب ہے کیا

ہماری زاری پہ ہنس ہنس کے وہ یہ کہتے ہین
صدا یہ گریہ کی یا نالۂ رباب ہے کیا

ہمارے شعر نقی گر نہو وین قابل وصف
ہر ایک رنگ کا جو شعر ہے خراب ہی کیا

مت کر بدی کہ خوف ہے رب کے عتاب کا
ہی سوز سخت آتش دوزخ کے تاب کا

نیکی بدی سے اپنے ہے تو آج بیخبر
آئیگا روز حشر پہ پردہ حجاب کا

توبہ کر آج زاری و عجز و نیاز سے
چشمہ ہے تیرے ہات مین چشم پرآب کا

کہتے ہین جسکو نقد سو عمر عزیز ہے
ق وہ تو تمام طعمہ ہوا خورد و خواب کا

اسکا تجھے دریغ نہین ہے ہزار حیف
غم کہا رہا ہی مال کے نقصان و لاب کا

محسوب ذرہ ذرہ ہے ہر قطرہ ہے شمار
درپیش اے نقی ہے ہمین دن حساب کا

پردہ جو اُسنے رخ سے اُٹھایا نقاب کا
چہرہ ہوا نمود مجھے آفتاب کا

لکھا وہ خط ہے یار بلیغ و فصیح نے
مضمون ہر ایک لفظ مین ہے سو کتاب کا

وہ شعلہ آگ کا ہے میری آہ کا دھوان
آوے مقابلہ پہ نہین منھ شہاب کا

بیوجہ تھرتھراتی نہین ہے زبان شمع
ظاہر ہوا ہے سوز سے حال اضطراب کا

سانس اُوپر آوے یا کہ نہ آوے عجب ہی کیا
کہتے ہین آدمی کو تو دانہ حباب کا

نعمت کی قدر ہوتی ہے بعد زوال سچ
پیری مین یاد آتا ہے عالم شباب کا

مین جاگتے مین دیکھا ہون اسرار غیب کے
چھپا پا گیا نگاہ مین عالم ہے خواب کا

طاعت سوا ثواب ملے کیا مجال ہے
دیکھا ہے کسینے کہیت اوگا غیر آب کا

ابرو سے وسمہ ناک سے ڈرتا ہون اے نقی
نخچہ خون سے رنگیگا یہ خنجر خضاب کا

بیان مین کیا کرون صاحب تمہاری مہربانیکا
بنائے پیسکر تم مجھکو سرمہ اصفہانیکا

مرا رہنا تمہارے پاس ہے ایسی سبکباری
نہین ممکن کہ گندے دلمین کچھ خطرہ گزرانیکا

پلا کر دودھ ہمکو دہر نے پالا تو ہے لیکن
ملا یا زہر بھی ہے اسمین بیشک جان ستانیکا

خوشی کو باغ جنت مین کیا ہے خلق خالق نے
کرین ہم شوق کیون بیہودہ اسجا شادمانیکا

جناب نفس کی موہوم ایسی ہوگئی صورت
دم تصویر حیرت سے رکے ہے کلک مانیکا

جہان کی زندگانیکا ہر دسا مین کرون کیونکر
وجود بود انسان بلبلا ہے کوئی پانیکا

نقی سیر چمن احسن اسی صاحب ہوس کو ہے
شگفتہ گل ہو خوشن بلبل ہو اور موسم جوانیکا

محفل مین یکبیک جو وہ شب کو مچل گیا
آئین وطرز عیش کا سارا بدل گیا

بے زور کوئی شور مچاتا نہین یہان
فوارہ جب پر آب ہوا بس اچھل گیا

کم حوصلونکے جیمین سماتی نہین خوشے
چھوٹا پیالہ جلد بھرا اور ابل گیا

ٹکا اگر تعلق دنیا کا توٹ جاے
کر شکر ایک پہاڑ تیرے سر سے ٹل گیا

جب سے لگی ہے آتش الفت جگر کے بیچ
مانند شمع جسم مرا سب پگھل گیا

رکھا ملایمت سے جو ہر ایک کے سا تھہ ربط
مانند موخمیر سے باہر نکل گیا

ہوشیار مرد ہی وہی دنیا مین واقعی
ٹھوکر جو پہلے کھاتے ہی چونکا سنبھل گیا

شطرنج و گنجفہ مین نقی عمر کو تلف
کہتے ہین ہم خوشی سے کہ جی تو بہل گیا

جہان مین جو کوئی انسان حُبِّ جاہ کیا
تو اپنی راہ مین خسپوش ایک چاہ کیا

سفید پوش ہر دنیا مین جو فریب کے ساتھہ
تو عاقبت مین خدا اُسکو روسیاہ کیا

صبا نے چاک کیا پیرہن کو دامن تک
دمِ سحر جو ذرا گل نے قاہ قاہ کیا

جہان مین کیون نہواے مشک منہہ تیرا کالا
جو راز فاش کیا وہ بڑا گناہ کیا

زمانہ آتشِ حسرت سے جل گیا ہے **نقے**
جو اُسنے لطف سے میری طرف نگاہ کیا

دوستو دیکھہ دشمن مجھہ سے جب بیگانہ تہا
دل میرا شمع ہوس پر صورت پروانہ تہا

سرد مہری نے شبِ اُنکی یہ کیا ہنگامہ گرم
چشم سے چشمے رواں تہے سینہ آتش خانہ تہا

دل میرا تہا عارض تابانہ اُسکے بیقرار
مجکو مشاطہ کے پنجے پر گمانِ شانہ تہا

یا دلِ لعل لب و دندان مین جوش گریہ سے
اشک جو ٹپکا کبہی یاقوت گہ دردانہ تہا

جو ہوا ہشیار باطن ظاہر سے بیہان
غافلان دہر کے نزدیک وہ دیوانہ تہا

بہر گیا یکدم ہی دم مین گردشِ افلاک سے
اے **نقے** اِس عمر کا کیا تنگ پیمانہ تہا

پھر شوق ہوا یار کو ہے تیر و کمان کا
دیکھو خم ابرو مژہ اس شوخ جوان کا

جسدنسے مین دیکھا ہون فلک کے تئین واژون
اُلٹا نظر آیا مجھے قانون جہان کا

جو ثقل اُٹھایا نہ گیا ارض و سما سے
انسان متحمل ہوا اُس بارِ گران کا

گنگا مین نہ یہہ جوش نہ جمنا مین یہہ طغیان
انگھو نسے میری پوچھیے حال آبِ روان کا

آفاق کے پھرنے سے ہو درویش کو کیا کام
موجود **نقے** گھر مین تماشا ہو جہان کا

کیا دبدبہ بتاتے ہو تم ہمکو شاں کا
رہتا ہو تار و پود دو شالے مین بال کا

ابرو کو ماہ نو سے نہ دیجے مشابہت
ہوتا ہو دلفریب کہان جشنِ ہلال کا

ہر چند رنگ و بو مین بہت خوشنما ہی گل
گل تکیہ ہی ولیک وہ گلرو کے گال کا

کیا مفتشر حواس ہی دنیا مین وہ حریص
اندیشہ جسکے سر مین رہے جمع مال کا

درویش سے نہ پوچھیے کیا حال ہی تیرا
یہہ روپ بن گیا ہی سراپا سوال کا

بے وجہ اسکے چہرہ کے تل کا نہیں خیال
شاید کہ مرد مک ہو میرے نقطہ خال کا

نقے گر سرخروئی چاہیے عقبا مین اے
مت کر قصور ہی یہہ سبب انفعال کا

پھر مجھے جوش جوانے آگیا
عشق ابروے کمانی آگیا

شاید آیا خط کہ خط آتا نہین
اسکے پیغام زبانی آگیا

کھینچتا ہون جلبی مین چہرا ہون شکل
ہات میرے کلکِ مانی آگیا

فیض سے استاد کے نعلین کے
مجھکو فہم نکتہ دانی آگیا

نقے اے کیا لب ہین شیرین یار کے
دیکھتے ہی مُنھہ مین پانی آگیا

مثل یہہ کہتے ہین غم مین کہ آسمان ٹوٹا
شکست چرخ سے کب کم ہی گر مکان ٹوٹا

فسانہ درد کا سنتے ہو گر تمام سنو
کہ ٹوٹ جائیگا دل گر میرا بیان ٹوٹا

خدا ہی حافظ و ناصر ہی وقت طوفان کے
کسی جہاز کا گر لنگر گران ٹوٹا

کہان وہ نخل کو امید پھول پہل کی ہی
بہار آنے کے آگے جو ہو خزان ٹوٹا

اگر ہو نارِ نفس قطع بس خموشی ہی
چلے نہ تیر اگر چلہ کمان ٹوٹا

نقے یہہ ایسی زمین سخت ہی سخن گو کو
کہ تیشہ فکر کا جسپر رکہا دہان ٹوٹا

غم زمانہ یہہ آغشتہ ملال کیا
کڑہا کڑہا کے مجھے بد سے بلال کیا

ہر اک عروج کو دنیا مین ہی زوال ضرور
چڑہا جو اوجہ اسنے کو پایمال کیا

جسے ہوس ہو کہ پانی پہ کچھ رقم کیجے
ہوا دلیل کہ اندیشۂ محال کیا

عجب ہے عالم ہستی کا نیستی بازار
خبر ہو روز فلان آج انتقال کیا

فنا پذیر ہے آخر یہ مستعار حیات
جہان مین زیست کو کئی گر ہزار سال کیا

ہوا جو خاک کا پیوند باغ ہستی مین
اُسی نے اپنے کو سرسبز خوش نہال کیا

نصیب اُسی کو ہے روحانیونکی سیر نقشی
خدا نے جسپہ عیان عالم مثال کیا

قتل خندان ہو یہ انسانکا مقدور نتھا
کہ چڑھا دار پہ بیباک وہ منصور نتھا

یک نہ یک در دہی رہتا ہے بنی آدم کو
کوئی ایسا نہین دیکھا کہ وہ رنجور نتھا

ذات اوصاف سے ہوتی ہے جہانمین ظاہر
پیش اظہار صفت مشک بھی مشہور نتھا

سبب عشق ہے ہر یک جو ہے مشغول بکار
ورنہ کوئی بھی کسی کام مجبور نتھا

کون ہوتا ہے یہان دام ہوس سے آزاد
قید دنیا کا کسے نالب گور نتھا

اہل غفلت بخوشی کرتے ہین اوقات بسر
جو کہ عاقل ہے کبھی دہر مین مسرور نتھا

راہ اک دم کی کسی سے نہین طے ہو سکی
سر حق تا نفس سے تو نقشی دور نتھا

شعر ہے سحر سنا جسنے وہ دیوانہ بنا
میرا دیوان سخن صاف پری خانہ بنا

عشق کی آگ جلا دیتی ہے یون آخر کار
ایک کو شمع بنا ایک کو پروانہ بنا

زن کو مرد کیا مرد کو فردوسی نے
پہلوان رستم بن زال سا شہنامہ بنا

زلف تک اُسکے رسا کوئی ہو کیونکر یارب
سینہ سو جا سے کیا چاک تو جب شانہ بنا

ای نقشی جب سے شعور آیا مجھے دنیا مین
گردش دہر سے ہر حال مین کیا کیا نہ بنا

اگر وہ پادشہ حسن مہربان ہوتا
پر ہما کا میرے سر پہ سائبان ہوتا

زمینیون پہ مثل گرمین حکمران ہوتا
میرا دماغ تو بالاے آسمان ہوتا

ہر ایک سوال کا مینے جواب نیک دیا
زبان بد کبھی رکھتا بہت زیان ہوتا

بگڑ کے جلد مین سد ہر اطفیل صحبت نیک
وگرنہ عمر کا سرمایہ رایگان ہوتا

ہر یک جوان کی دنیا مین قدر کرتا چرخ
گر ابتدا سے وہ مخلوق نوجوان ہوتا

جناب قیس پہ ظاہر اگر یہ ہوتا حال
کہ سوز عشق مین تن پوست استخوان ہوتا

تو زینہار نہ لیلیٰ مبتلا ہوتے
کوئی زمانے مین اُنکا نہ قصہ خوان ہوتا

ق

وہ دل ستان نے نکی کچھہ میری تن آسانی
وگرنہ مین ہی نقے اُسپہ جان فدان ہوتا

جہان مین جسکے تئین قید آب و دانہ ہوا
وہ آب و دانہ کے پیچھے ہی بے سر و پا ہوا

جسے کہ حسن کا سودا سے عاشقانہ ہوا
نصیحت اور ملامت کا وہ نشانہ ہوا

خیال قامت و رخسار و زلف و ابرو چشم
یہ پانچ شے کے تصور کا سر خزانہ ہوا

کبھی تو سر پہ میرے آتے جاتے رکھتے پاؤن
لگے کیون مرا سر سنگ آستانہ ہوا

سوا سے موت کے کوئی شفا نہین مرتا
وجود کیا ہی مرض کا کہین بہانہ ہوا

سخی نہوگا کوئی مثل راجہ چند و لعل
کہ جسکے خیر کا ہر شہر مین فسانہ ہوا

پری شیشہ میرے دلمین اُسکی یاد ہی لیک
وہ مجھکو بھول گیا اے نقے زمانہ ہوا

کرون گر ذکر مین باغ و بہار اور لالہ و گل کا
تصور میکشان کرتے ہین رقص اور ساغر مل کا

صبا گر باغمین ملجاے تجھکو لاشہ بلبل کا
کفن رنگین دیکر دفن کر پیراہن گل کا

وہ مست بادہ خوبی کسیکے گھر مین ہی مہمان
کہ ہی ہر ایک صراحی سے بلند آواز قلقل کا

ذرا تو بام بالا پر زلیخا دیکھنا چڑھ کر
تماشا اپنے یوسف کی سواری کے تجمل کا

ہوئی خاطر پریشان گرد و پیش احباب کے سیر
پڑا جو اُنکے چہرہ پر اُلجھہ کر پیچ کاکل کا

نہ سمجھو سرد ہرگز تیر گفتاری کو اے صاحب
کہ خرمن آتش اک دم مین کرتا کام ہر کل کا

برآمد شعلہ ہوجاتا ہی جون خورشید عالم مین
اگر ذرہ گرے باروت مین گر شمع کے گل کا

میرے سیلاب عصیان کو نہایت جنبش ہی بارب
کہین خانہ نہ ٹوٹے مغفرت کے ناگہان پل کا

نہ اٹھی جو فلک سے شئی ہوا اُسکا بشر نامل
بجا ہی گر کرے انسان لاف اپنے تحمل کا

خدا کی رہ مین زاد و راحلہ کیا مجھکو حاجت ہی
سوائے صبر کے پس ای نفی توشہ توکل کا

ہرچند نخل عمر کو ہی پھول و پھل لگا
پر کیا خوشی کہ ساتھہ ہی خوف اجل لگا

ای ماہی اسقدر تو غذا پر نہ دوڑنا
دریا کے قطرہ قطرہ کے ہی ساتھہ گل لگا

تا نفس واپسین نہین جاتا غم جہان
جاری یہ سلسلہ ہی کہ جون نل مین نل لگا

ظالم کو کب ہی سوزش دل پر کیے رحم
وہ جانے روشنی کا یہ کوئی کنول لگا

دنیا مین ای نفی مین جیا سو برس ولے
دکھہ اسقدر ہوے کہ نہ جی ایک پل لگا

زندہ گر دم سے تیرے قالب بیجان ہوگا
کیون نہ اعجاز مسیحا کا نمایان ہوگا

برخلاف رہ دین جو کرے یک چال آغاز
ضایع اُس شخص کا انجام کو ایمان ہوگا

دیکھکر یار کے پانخوردہ لبون کو واللہ
منفعل کیون نہ ہر یک لعل بدخشان ہوگا

اشک جاری ہین ولے غم کی گھٹا ہی معدوم
ایسا ہرگز نہ برستا کہین باران ہوگا

قبر عاشق پہ جو حیرت مین رہے بہہ جانے
دفن اس جاے تن دیدہ حیران ہوگا

جو کہ دنیا مین کسی وضع کا مذہب نہ کیے
وہ نہ ہندو نہ وہ گبر اور نہ مسلمان ہوگا

جسکی تقدیر مین ہو کنج نشینی قفس
پس اُسی سمت کو وہ مرغ پرافشان ہوگا

کہتے ہین یار سفر کرتا ہی یا وصف فراق
حیف اب دل کو میرے درد و چندان ہوگا

غم نہین سینہ پر داغ مین دکھلا دونگا
چشمہ چشم سے جب سبز گلستان ہوگا

آسمان صاف ہی تارے جو نظر آتے ہین
عکس آنگن کسی رخسار کا افشان ہوگا

ای نقی مغز کہ عشق وہ ہی آتشبار
کہ جگر آب ہی پیہان گرچہ وہ سندان ہوگا

جو ہو گیا عزیز خدا کے حضور کا
ہوتا نہین حساب ہی اسکے قصور کا

اپنے کو جب کہ پست کیا انکسار سے
رتبہ بہت بلند ہوا کوہ طور کا

کیا حکمت خدا ہی کہ جسکو کیا رفیع
حتم کر دیا ہی کہ اُسکے تئین سر غرور کا

مین ہون وہ مست بادہ فا لوا الی بلی
آواز کچھہ سنونگا نہ محشر کے شور کا

عاشق ہون مین جمال پہ اپنے کہ ہون جمیل
مشتاق زینہار نہین شکل حور کا

دنیا کے مشغلون مین کیا جب کہ غور مین
طاعت سوائے کام نہ دیکھا ضرور کا

تیغ اجل کا وار پڑے جسپہ کارگر
پھٹتا اُسی کے واسطے ہی زخم گور کا

نزدیک میرے بیٹھ گیا جب وہ مہ جبین
مضمون پاس آنے لگا دُور دُور کا

محتاج مہر و مہ کے نہ پرتو کا ہو کبھی
دیکھے جو کوئی شعشہ یک اپنے نور کا

شرب مدام سے جو ہوا آج پاک یہان
کل مستحق ہوا ہی شراب طہور کا

پرہیز ہر زبون سے کیا خود نجود نقی
نازان ہون مین جہان مین اپنے شعور کا

مشتاق ہون مین اُنکی شب و روز دید کا
پیش نظر ورق ہی کلام مجید کا

جی بھر کب گلے مین لگون اس نگار کے
آجاے جلد بار خدا روز عید کا

صندوق سرخ کی کشایش محال ہی
رکھا ہی اُسپہ قفل خدا بے کلید کا

حاجت نہین ہی مرشد صاحب کمال کی
درکار اعتقاد ہی صادق مرید کا

مرقد پہ میرے سبزہ چڑہانا بجاے گل
کشتہ نقی ہوا ہی خط نو دمید کا

دل میرا داغ محبت سے جو گلذار رہنا
واہ اب خوب طرح سیر گہ یار رہنا

مسکن اپنا جو تیرا سایۂ دیوار رہنا
روز ہر شام کو تو طالع سحر ایکبار رہنا

کس سے تشبیہ مین دُوں اُسکی کف پا کے تئین
اگیا گل بہی اگر ریشہ ہر یک خار رہنا

خال رخ دیکھہ کسیکا مین پڑا چکّر مین
گرد اس نقطے کے گویا خط پرکار رہنا

رخ بتا برقع سے پہر اُسکو نہ پنہان کیجے
دن دیے کو میرے جانان شب تار رہنا

برہمن ڈالے ہی نوکا ہے کو گردن مین جنیو
رشتۂ رگ نہ تیرا کفر سے زنار رہنا

کوئی یوسفؑ سے پیدا ہو ہی دنیا مین حسین
کوئی مانند زلیخا نہ خریدار رہنا

وہ جہایا ہون مین آنکہون مین شبیہ دلدار
کہ جدہر دید کیا عکس رخ یار رہنا

مینے ٹہنڈی سی کہا شوق کی آتش ہے تیز
خشم آلود وہ تہا پہر اور بہی انگار رہنا

دل میرا لیکے وہ ظالم نے کیا سوگ مکڑے
خیر اب نذر ہی یہہ گجرہ کہ یادگار رہنا

اے نقے شکوہ مکر رنج جہان کا زنہار
باغ ہستی مین کوئی کب گل بیخار رہنا

عید ہی ہمکو تمہارا روے روشن دیکھنا
دیکھنا جب منھہ تمہارا پہر نہ گلشن دیکھنا

دیکھنا کیا آدمی کو اُسکے اوصاف جمیل
شکل کی پاکیزگی رنگ و روغن دیکھنا

وحشت دل کا کرون مین کیا بیان اے ہمنفس
ہوگیا چاک گریبان تا بدامن دیکھنا

جانتے ہین نفس دشمن ہر یہ رکہتے ہین دوست
کسکو آتا ہی اسی مانند دشمن دیکھنا

قول اطفال ہی کہ بابا کہیلنے ہی دو ہمین
کسکو ہوتا ہی میسر ہر لڑکپن دیکھنا

کیا جنون کو دیکھنا اے ناخدا حیرت کے ساتھہ
رقص مین اُس پہ جین کا دور دامن دیکھنا

تیغ ابرو کہینچکر آتے ہین وہ میدان کے بیچ
تن سے ہوتی ہی جدا کس کس کی گردن دیکھنا

خوشنما سیر اس مسی آلودہ لب کی بس ہمین
باغ مین کاہیکو جا کلبرگ سوسن دیکھنا

ماجرائے دہر گر چاہے تو افسانونکو دیکھہ
آسمان کیا کیا کیا ہی مکر و فن دیکھنا

روز ایک آفت ہی دنیا مین دکھلاتی مجھے
صرف نادانی ہی یہان اپنے کو ایمن دیکھنا

ای نقی تیر مژہ سے اُنکے سینہ چھد گیا
دیکھئے کیا سیر دکھلاوے یہ روزن دیکھنا

چہرے پہ تیرے یار جو کاجل کا تل بنا
کیا دانۂ فریب ہے مرغ دل بنا

پہونچونگا میں حضور مین الفت کی راہ سے
گہر تو ہزار دور کہ یا متصل بنا

پہولا ہون مین خوشی سے تیرے آگے پیشوا
ای یار کر دل سے نہ اس گل کو گل بنا

پیسا کسیکو اسنے جلایا کسیکو ہے
زیر سما جو موم کہ پتھر کی سل بنا

سما ب عشق جسکو یہان پشتبان ہوا
واللہ وہی جہان مین آئینہ دل بنا

کرتے نہین ہین عاشق و معشوق افتراک
اِنکا سرشت روز ازل سے ہی مل بنا

گر غم ہی کہ بام پہ اُسکے عروج ہو
ہان ای نقی تو آپ کو مانند ظل بنا

ڈہونڈتے جسکو پھرے ہم وہ ہمارے گہر مین تہا
جان کے مانند تن اور مثل دل کے بر مین تہا

سچ کہو ای برہمن تو پوجتا جس بت کو ہی
سب جگہ موجود ہی وہ کیا فقط پتہر مین تہا

دیکھتا تہا وہ مجھے اس سے تہا مین بیخبر
میری نظر و نے نہان میری دو چشم تر مین تہا

نفس تا غالب تہا مجھپر اور مین مغلوب نفس
رات دن گویا کہٹکتا خار یک بستر مین تہا

اگیا ز یر سما جو دیکھکر یہہ شش جہت
فرط حیرت سے ہمیشہ عالم شش در مین تہا

راز حق پہونچا ہمین سینہ بسینہ ای نقی
زاہد اُلٹا تا ورق اور دیکھتا دفتر مین تہا

خدائے پاک ہی مختار کل اپنی خدائیکا
اُسیکی ذات کو لایق ہی دعوی خود نمائیکا

خدا تاب جلال اپنا کسی مین جب نہین پایا
صفت کو کرکے ظاہر خود لیا پردہ خفائیکا

پہنچنا فہم کامل کنہ باری مین بہی ہی ناقص
ہماری عقل کو مقدور ہی وہان کب رسائیکا

ہم اپنے کو نہین دیکھی خدا کو خاک دیکھین گے
خدا کو دیکھنا کہنا ہی کیا لڈو مٹھائیگا

نقی تو ہو لجا اپنے کو گر اللہ کو پانا ہی
یہی ہی راستہ بے شبہہ و شک دل کی صفائیگا

ہر یک بشر کو مین یہان بندۂ شکم دیکھا
جو بندگی مین خدا کی ہو بندہ کم دیکھا

یہانکا شہد جو چکھتا ہی مر ہی جاتا ہی
جہان کی شیرینون مین تمام سم دیکھا

فغان بلبل و شبنم کی اشکباری ہی
خوشی کہان ہی چمن مین تمام غم دیکھا

فلک کے ہاتھ سے نے شاہ نے گدا کو چین
دور و چرخ کا ہر ایک پر ستم دیکھا

زمانہ پھینکتا ہی سنگ تفرقے کا مدام
جہان دو شخص کو یکجاے پر بہم دیکھنا

نقی حیات جہان کا کچھ اعتبار نہین
جسے وجود ابھی تھا ابھی عدم دیکھا

یاد حق سے جسکا یکدم رائگان ہو جائیگا
شش جہت مین اُسکو مرنیکا فغان ہو جائیگا

جو نظر سے اپنے غائب ہر زمان ہو جائیگا
حشر تک حاضر رہیگا گو نہان ہو جائیگا

توبہ کر زمانہ پیری مین بھلا کیا لطف ہی
آفرین ہر اُسپہ تائب جو جوان ہو جائیگا

دیکھکر سرسبز باغ دہر کو مت کہا فریب
یہ چمن پورا نہ دیکھے تک خزان ہو جائیگا

پاس کہہ انفاس کی ایدل یہہ ہی آب حیات
کوزہ جب ٹوٹا تو یہ پانی روان ہو جائیگا

قصۂ شیرینیان پڑھتا ہی جیسا تو کہ اب
ایک دن تیرا بھی کوئی قصہ خوان ہو جائیگا

ناز کیا کرتا ہی سرمہ کو لگا زیر فلک
ایکدن سرمہ ترا ہر استخوان ہو جائیگا

نقی باز آ نہ تو ز نہار و عظ و پند سے
غم ہی کہا کوئی اگر خاطر گران ہو جائیگا

ہوا ہی تاب غم سے سو کہہ کر جسکا تن ہلکا
وہ پہنے جامۂ ابریشمی کا پیرہن ہلکا

کماں ناتوانی سے جو کرتا ہی سخن ہلکا
تو سامع کانکو پہونچاے اُسکے تا ہین ہلکا

بدن سے جسکے نکلی جان جیسا یار تھا اسکی سے
اُسے آہستہ دینا غسل پہنانا کفن ہلکا

شگاف قبر میں جن پھول کے سے لاش کو اسکی
غبار آسا چھنی مٹی کو چھڑکے گور کن ہلکا

چڑھانا عطر و عنبر ارگجی کی جاے تربت پر
رہے اک پھول کوئی چن کے قسم یاسمن ہلکا

مزار ناتوانکو طاش کی پوشش کی کیا حاجت
غلافِ نور مہر و ماہ بس ہے جالیوں ہلکا

مزار و نہ سبب کیا عود جلتا اور اگر بتی
کہ تا پہونچے دماغ روحانیو نکو خوشبو چمن ہلکا

مراد اپنی کوئی مانگے تو عرضی لکھ کے لٹکا دے
سوال ارباب مطلب کا ہی ہوتا حسن ظن ہلکا

کسیکا بار احسان کب اٹھانے ناتوان لائے
رہے جون مشک پر باد انکا کاندھو نپہ پیرہن ہلکا

صبا تاکید کر مرغو نکو میدان خموشون مین
دم پرواز گر بولو تو ہی نزاع فرغن ہلکا

سبک ہونا اگر چاہے تو طاعت اور ریاضت کر
یہین ہوتا ہی بار جسم بی رنج و محن ہلکا

عجب کیا گر فنا ہو جاے عاشق سوز الفت سے
کہ جلتی سر سے پہونچی پانون تک شمع کہن ہلکا

پڑی نفرت ہی بوے تیر سے نازک دماغون کو
گران قیمت یہی آگے انکے ہی مشک ختن ہلکا

نقی گر کوئی قبر نا تو اپر فاتحہ دیوے
رہے آہستہ ہات اور انگلیو نکا بی وزن ہلکا

ردیف باے موحدہ

ابرو ے یار ہی خم محراب کا جواب
یا کوئی ہی یہہ تیغ سیہ تاب کا جواب

روشن ہوا مکان میرا روے یار سے
چہرہ ہی اس صبیح کا مہتاب کا جواب

دریاے علم ہی میرے سینہ مین موجزن
حاضر ہی میرے دلمین ہر یک باب کا جواب

مضطر جہان مین دل عشاق کی طرح
سیماب ہی فقط دل بیتاب کا جواب

دھوتا ہی سو کتاب گناہونکی ایک اشک
دنیا مین اسکی نقی نہین اس آب کا جواب

ہوئی معلوم مجکو شانِ حباب
ایکدم ہی قیام جانِ حباب

سر نکالا اور اک نفس ناچا
غیب پل مین ہوا نشانِ حباب

زندگی بہی ہماری بے شک و ریب
بحرِ ہستی مین ہی بسانِ حباب

کیا بہروسا حیاتِ دنیا کا
جسپہ ہر دم رہے گمانِ حباب

ای نقی بس میری نصیحت کو
ناصحِ بے زبان زبانِ حباب

شراب کرتی ہی دنیا کے سارے کام خراب
اگر ہی شاہ تو ہوتا ہی انتظام خراب

شراب پی کے اگر کوئی لے خدا کا نام
رحیم بولے تو ناخوش ہی اور رام خراب

شراب مین کئی نقصان ہین نظر کیجے
ہی پہلے دام پیس نام اور کلام خراب

شراب پی کے جو بیہوش رہ مین گر جاوے
تو اُسکو کہتے ہین سب لوگ خاص و عام خراب

شراب خوار اگر ہو غریب یا کہ غنی
نشہ مین جو وہ پڑا ہی تو احترام خراب

خراب چیز ہی مَی میکشی سے باز آؤ
نقی جو عقل کو کھووے وہ ہی حرام خراب

یا الٰہی کہین ہو جاے یہہ دن شام شتاب
تا ملے یار تو ہووے مجھے آرام شتاب

وقت رخصت کا دنیا سے کسے ہی معلوم
ٹھیک ہی چلنے کا ہو جاے سرانجام شتاب

پیٹ گہری ہوئی اُجلے ہوے جب ریش و بروت
جانیے آگیا اب موت کا پیغام شتاب

رستگاری ہوا ہی لطف سے تیرا ساقی بخت
بیخود دیکا مجھے دیدیوے ایک جام شتاب

ای نقی بندہ سی حق حق ہی وہ بندہ راضی
جو بجا لاے خداوند کے احکام شتاب

ردیف تای فوقانی

کہو نہین دل کی حقیقت کہ یا جگر کی بات
یہ دونون جمع ہین سن نفس بدگہر کی بات

چھپاؤ بہید کو افشا ہو سو ضرر کی بات
غضب ہو گر گئی باہر کسیکے گہر کی بات

کہے اگر کوئی یک نکتہ بال سے باریک
مین جانتا ہون کہ ہو کوئی مو کمر کی بات

لکیر جیسی کہ مٹتی نہین ہو پتھر کی
ہو دل پذیر یونہین صاحب اثر کی بات

نہ شہد مین ہو وہ لذت نہ نیشکر مین ہو
مزہ مین جیسی ہو میٹھی وہ لب شکر کی بات

سبھی گراتے ہین مفلس کی بات کو نیچے
ہر ایک جاے پہ اونچی ہو اہل زر کی بات

وہ آدمی ہو جہنم کا کوئی انگارہ
کہ جسکے مُنہہ سے نکلتی ہو شور و شر کی بات

وہ کہلکہلا کے ہنسی ہو عجب یہ بیہدی
سنے کسی سے اگر میری چشم تر کی بات

بچاے غیر کو جو کر کے آپ کو مجروح
ہو اس بشر مین مگر سینۂ سپر کی بات

وہ مہ لقا کو ندو چاند سے کبھی تشبیہ
کہ انکہہ ناک نہ کہے ہو کیا قمر کی بات

کوئی کسیکا پسر یا غلام بن جاوے
نہ آئے غیر مین ہرگز کبھی پدر کی بات

ملایمت سے سخن کیجیے کہ مرہم ہو
کلام سخت مین ہو صرف نیشتر کی بات

لقمی فراغت ایام کو غنیمت جان
گیا سو وقت پہر آتا کہان کد ہر کی بات

نہین ہو عجب مجھے یہہ نہین عجب کی بات
ہمیشہ حال یہی ہو میرا نہ اب کی بات

سخن وہی ہو کرین جسکو سب پسند لیک
نہین نکلتی ہر یک مُنہہ سے ایسے ڈھب کی بات

مدام دنکی ملاقات کا وہ کرتے ہین ذکر
زبانپہ لاتے نہین زینہار شب کی بات

خلاصی حشر کی چاہے تو نیک کر اعمال
نہ پوچھتا کوئی وہان حسب و نسب کی بات

سخن تمہارا شکر پارہ سے نہین ہو کم
فدا نبات ہو شکر تمہارے لب کی بات

نچھوڑ خط مراتب کو زینہار اے دل
کہ مین رند قہ ہو مرد بے ادب کی بات

ہوئی ہو سعدی شیراز پر بلاغت ختم
ہو خوشہ چین اُنہین کے جہانمین سب کی بات

حواس و ہوش ہی جبتک درست کچھ کہہ لے
کہ معتبر نہیں ہی مرد جان بلب کی بات

نقی جو وعدہ کرے اور اُسے وفا نہ کرے
تو ساری بات نہیں ہی یہ بھی ایک گپ کی بات

اعمال جسکے نیک ہین انجام ہی درست
دونون جہان مین اُسکا ہر ایک کام ہی درست

تشبیہہ گر غلط ہی تو مین کہنیچتا ہون میم
زیر خم اُسکے زلف کا اک لام ہی درست

ہین پختہ کار خوار تعجب کی جاے ہی
ہر جاے پر معاملہ خام ہی درست

کیون مُنہہ سی فحش بکتے ہو کیون توڑتے ہو دل
دنیا مین کب طریقہ دشنام ہی درست

کیا مجہہ سی پوچہتے ہو نقی اُسکے چشم و لب
مصری یہ ہی درست، وہ بادام ہی درست

غیر کوشش کے ہو نہ کام درست
بے دلی کا نہین سلام درست

شان مین جسکے آئی ہی لاخیر
کب وہ ہوتا ہی زشت نام درست

خوبرو گرچہ ظلم کرتے ہین
پر اُنہین کو ہی قتل عام درست

خاص نوشیروانیہ ختم ہوا
عدل و انصاف خاص و عام درست

تم مسلمان ہوے نہ تم ہندو
کب کروگے رحیم و رام درست

جس جگہ سے کبہی نہو اُٹہنا
ایسی ہی جاے پر مقام درست

اے نقی زندہ ہی وہ بعد مرگ
جو کیا زیر چرخ نام درست

خوش مجہکو اندنون نہین آتی کبہی بات
ناخوش ہی جی کسی سے کرون کیا خوشی کی بات

کرتے ہین ٹکڑے ٹکڑے کلیجہ کو سنگدل
جاہل کی بات ہیرے کی ہوتی کنی کی بات

مفلس ہی مالدار نہین ہی حریص مال
آتی کہان ہی شہہ مین فقیر غنی کی بات

تعریف لالہ اور گلی سوسن کی مت کرو
اُنمین کہان ہی یار کے پان اور مسی کی بات

نادان دوست دشمن دانا سے ہے زبون
کہتا ہے یہ سدا رکے وہ برہمی کی بات

قصہ ضرور ہوتا ہے پیدا دو شخص مین
کوئی اگر کسی سے کرے کچھ ہنسی کی بات

بزخاستہ مزاج ہے جو سب سے اے نقی
کرتا ہے کب کسی سے ذری دل لگی کی بات

ردیف ثانی مثلثہ

مالدارون کی بزرگی ہے درم کے باعث
نامور ہوتا ہے انسان کرم کے باعث

دبدبہ شاہ کا ہے جاہ و حشم کے باعث
تاج اور تخت شہی تیغ و علم کے باعث

چاپلوسی سے کسیکے مجھے کیا مطلب تھا
کیا ناچار یہ کمبخت شکم کے باعث

جانتا کوئی نہیں مجھکو کہ مین عاشق ہون
راز یہ فاش ہوا دیدۂ نم کے باعث

گر ترقی کہ تنزل ہو کسی کے گھر مین
سب یقین کرتے ہین ہر کوئی قدم کے باعث

لیک مین ایسے سخن کو نہین کرتا اقبال
اوج طالع سے ہے یا بخت ذرم کے باعث

اے نقی مین نہ ہنسا اور نہ رویا زنہار
عیش و نیلکے لیے بیش و نہ کم کے باعث

نہین ہے خالق اکبر کا کوئی کام عبث
ہر اُسکے کام مین اپنا خیال خام عبث

جو راہ پر نہین گر سو برس چلا جاوے
وہ مفت عمر کو کھویا ہے اور حرام عبث

ہزار فائدے ہین میرے ایک سخن مین بیحد
سراب وار نہین ہے میرا کلام عبث

ہوا ہے قیس و لیلیٰ کے عشق مین محکم
کہ جسکو کہتے ہین مجنون نہین یہ نام عبث

کوئی تو ماہ جبین بام پر نکلتا ہے
کہ زیر بام نہین ہے یہ اژدحام عبث

خیال رخ ہے نقی اور کبھی تصور لب
نہین گذرتے ہین میرے صبح و شام عبث

ردیف جیم عربی

نازک ہی اندو نہین بہت آپکا مزاج
گل کی مشابہت سے بہی ہوتا خفا مزاج

عادت نکر زبان کو دشنام کی مدام
ہرچند نیک ہو تو کہین گے بُرا مزاج

جس آدمی سے بخش سوا کچہہ نہو حصول
وہ آدمی کی شکل ہی اور اژدہا مزاج

دنیا مین خوبرو یونسے ہی دل لگی عبث
مانند طوطیون کے ہین یہ بیوفا مزاج

اے شعلہ رو پہر کہتے ہو کیون میری بات پر
کیا آتشین مزاج ہو تم ہم ہوا مزاج

سنتے نہین زمینیون کی عرض وہ کبہی
جنکا رہے غرور سے فوق سما مزاج

جینے کا حظ جہان مین ہی اے نقی جبہی
تا زندگی درست رکہے گر خدا مزاج

جہان مین گرچہ نہین صاحب ہنر محتاج
اگر ہو قسمت بدپس ہی در بدر محتاج

خدا نے ایک کا ایک کو کیا ہی دست نگر
ہی اخذ نور مین خورشید کا قمر محتاج

ذلیل و خوار حقارت سے کرتے ہین منعم
کسیکو بار خدا مت کسیکا کر محتاج

طبیب لاک دوا دے مرض نہین جاتا
ہمیشہ حکم مؤثر کا ہی اثر محتاج

جمال جان نہین دکہتا ہی خوابین بہی ہمین
ہی دیدہ باز صفائی کی یہ نظر محتاج

جزا امتحان کے ہوتی نہین ہی قدر ہنر
نقی پرکنے کا صراف کے ہی زر محتاج

ردیف جیم فارسی

یکدل و سودی امر ہی مشکل جہانکے بیچ
دو تیر مختلف نہین چلتے کمان کے بیچ

انجام کارخانۂ دنیا تباہ ہی
سو بار آچکا ہی میرے امتحان کے بیچ

یکدم نہین قرار ہی اس دور چرخ کو
کیا ہمکو ہو قیام زمین آسمان کے بیچ

انجام پر ہے جسکے نظر وہ جہان مین
رہتا ہی یون اداس کہ جیسا خزان کے بیچ

ردیف حامی مہملہ

دل پھنس گیا ہی دام مین گیسو کے بیطرح
سیو بیچ اسپہ پڑ گئی ہر مو کے بیطرح

شمشاد و سرو باغ مین شکل پری نہ تھے
دیوانے ہین وہ قامت دلجو کے بیطرح

مشک خطا ختن کو مقابل پہ لائین گر
ہونگے فدا وہ طرہ خوشبو کے بیطرح

حرص و ہواے نفس کو مغلوب رکھہ نقی
ہر چند ہین یہ درپی قابو کے بے طرح

دو کینہ ور مین اگر ہو ہزار بار صلاح
تو لگے ذہن مین رہتی ہی کارزار صلاح

کہا بزرگون نے ہی صلح جنگ سے بہتر
دلیک جنگ کو سمجھے ستم شعار صلاح

ہوا اگر نہ چلے پت جھڑی کے باغ کے بیچ
فسردگی کو ندیگی کبھی بہار صلاح

گر ایک سے نہ برآمد ہو کام دنیا کا
تو وہ شریک کرے اپنے ساتھہ چار صلاح

نقی جہانسے سبکدوش چلیے آخر کار
کہ راہ چلنا ہی دشوار کب ہی بار صلاح

ردیف خامی معجمہ

ہرگز کسی سے دلا قیل و قال تلخ
ہر گفتگوے تلخ کا انجام حال تلخ

شیر و شکر سہی ہر کی دلبستگی مدام
کرتی ہی آدمی کو دم انتقال تلخ

قیمت ہر ایک جنس کی ہی مشتری کے ساتھہ
گر قدر دان نہو وے تو ہی ہر کمال تلخ

دل خوش ہے تو خوش ہی ہر ایک پوشش و خورش
بیمار کو ہی ترش غذا اور شال تلخ

شیرین ہر عیش اہل فراغت کے واسطے
زندانیونکو عید کا بھی ہر ہلال تلخ
قارون کے واسطے ہوئی دولت بلائے جان
بر ہم تمام عیش ہوا اور مال تلخ

لب بستگی طلب سے نقی ہر مزے کی بات
مشہور یہ مثل ہر کہ شکل سوال تلخ

ردیف دال مہملہ

اے محتشم عمارت دنیا نہ کر بلند
مشہور ہر جہان مین گرتا ہر گہر بلند
ہر عاجزی ضرور بزرگی کے واسطے
دانہ ملا جو خاک مین کرتا ہر سر بلند
شیرین کلام چاہیئے بالا کرے نشست
مطبوع ہر ہر یک کو قد نیشکر بلند
چھوٹونکو سر چڑہاے سے کچھ معصیت نہین
دوش پدر پہ ہوتا ہر اکثر پسر بلند
گردن کشی نہ کیجیے گردن بچایئے
کرتے ہین قطع ہووے جو شاخ شجر بلند

بالا روی ہر ترک تعلق سے اے نقی
اڑتا نہین ہر مرغ کبھی بستہ پر بلند

ہر جہان مین ہر یک کو جا پسند
لیک بندہ کو ہر نباہ پسند
ہر عزیز جہان خوشی خندہ
ہر مجھے گریہ اور آہ پسند
مغفرت کی اُمید ہر ورنہ
نہ کرے پھر کوئی گناہ پسند
دن کو معشوق دوست رکھتے ہین
عاشقون کو شب سیاہ پسند
وہی نوشیروان عادل ہر
جو کرے دادِ دادخواہ پسند

اے نقی عیب کو ہنر جانو
گر کرے طبع پادشاہ پسند

نہین ہر زیر سما جب ہمین امان جاوید
تو کیا ضرور ہر مضبوط ہی مکان جاوید

جو آدمی ہی سمجھدار بات کرنے مین
ہی اُسکو بسکہ نگہبانی زبان جاوید

جو مبتلاے مرض ہی مدام اُسکو بہار
ہزار بار بھی آوے تو ہی خزان جاوید

زمانہ سارا اِس انسان ہی پہ برسرِ صلح
کہ جسپہ خالق اکبر ہی مہربان جاوید

زمانہ یار اگر ہو تو اعتماد نکر
کہ اِسکی دوستی آخر ہی جانستان جاوید

نقی سنے ہر دمی دل سے پند و وعظ حکیم
کہلا ہی جسکا سعادت سے گوش جان جاوید

جہان مین آج ہی تحقیق گرچہ گھر گھر عید
ولے ہمارے ہی گھر سب جگہ سے بہتر عید

کہ مہ ہی نے ہی وُہ محبوب نغمسا رہی ہی
تمام ملک مین ایسی کہان ہی خوشتر عید

بعید ہووے اگر برسے یار مہ پیکر
خوش آئے کس کے تین روز عید کیدہ تر عید

ہمیشہ عید ہی دیدار یار رشک بہار
قسم خدا کی کہ بے یار ہی مکدر عید

ہلال ہی مہ شوال کا خم ابرو
نقی مشاہدہ اس خم کا ہی مقرر عید

کسی کے حال پہ کرتا ہی کب نظر بیدرد
طمانیت کی جگہ توڑتا کمر بیدرد

ہمیشہ باپ کو ہوتا ہی درد بیٹے کا
اگرچہ باپ کے ہووے سطے پسر بیدرد

سفر سقر ہی مسافر کو بیوفا کے ساتھ
نہ آئے کام پہ زنہار ہمسفر بیدرد

کہے ہین عرف مین بھائی بہن کو اپنا جگر
جو کام کا نہووہ غیر ہی جگر بیدرد

جناب سید شہدا کا مرثیہ ہی پڑہین
تو زنہار نہووے گا چشم تر بیدرد

دو چار جان کو ہر روز مارتا ہی ضرور
جو اپنی طینت اصلی مین ہی بشر بیدرد

تمام رات نقی کوئی درد سے چلائے
تو زنہار کچھ اُسکی نہ لے خبر بیدرد

بات اچھی ہی وہی جسکو کرین چار سپند
سقم اس بات مین ہی ہووے جو نا چار سپند

خود پسند اسکو ہوے میرے بہت کام خراب
جب ہوا تجربہ اب طبع ہر دشوار پسند

مختلف ہوتی ہر ہر ایک بشر کی عادت
کوئی شر دوست کسیکو ہی نکو کار پسند

کوئی مٹی مین گڑے کوئی چلے آتش مین
خاک خوش جانے کوئی کوئی کرے نار پسند

سیر عمر گذران کی مین کیا کرتا ہون
ہی مجھے زیر سمایہ دیوار پسند

ای نقی جو کہ سنیگا میرے اشعار دو چار
بول اٹھیگا کہ کیا مین نے تو بسیار پسند

ردیف ذال معجمہ

آگے تمہارے لب کے نہین ہی شکر لذیذ
شکر نہین نہ شہد نہ حلوا سے تر لذیذ

شیرین ہر ایک میوہ ہی اپنی بہار پر
لیکن دہان یار ہی آہٹون پھر لذیذ

کہتا ہی شوق اسکے سراپا کو چومیئے
ہی عضو عضو اُسکا تو سب پا و سر لذیذ

بات اُسکی ایسی میٹھی ہی گویا نبات ہی
زہرا سقدر تو نہین نیشکر لذیذ

تقریر ہر فصیح کی شیرین ہی ای نقی
دشنام خوبرویون کے ہین بیشتر لذیذ

ردیف را ی مہملہ

جب سے دیکھا ہون مین اُسکی سبز دامن کی بہار
خوش نہین آتی ہی مجکو کوئی گلشن کی بہار

گل فشان ہی گرچہ ہر ایک شمع روشن کی بہار
پر حقیقت مین ہی یہ واللہ روغن کی بہار

کرسی زر پر گر آ بیٹھے وہ گلرخ باغمین
ہو نضا دونی گلستان اور نشیمن کی بہار

اندنون پنہان ہین کایت اور کہتری ادگان
ہی عیان نظر و نمین طفلان برہمن کی بہار

ای نقی لیکر دیا دھونڈو جوانی کے تئین

لے گئی کیجا خزاں اس نازنین تن کی بہار

سبکرو حون کا ہی مسکن ہوا پر
کہلا ہی ابر کا دامن ہوا پر
سبکباری سبب ہی فوقیت کا
پہریرکا ہی پیراہن ہوا پر
تن سنگین اوڑے ہی تفوپ سے
کہ دوڑے گولہ آہن ہوا پر
مزاج گرم سرتا پا ہی آتش
ہوائی ہی شرر افگن ہوا پر
ہوا ہر دوست کے گھر کی نکہاؤ
نہ پہوکے پڑہ کے کچہہ دشمن ہوا پر

نصیؔ قدرت خدا کی ہی کہ بے پر
اوڑے ہی تیز ہر تو سن ہوا پر

لہو لعب مین عمر کو مت پا مال کر
دم بہر تو کوئی وقت مین فکر مآل کر
طمع دو شالہ اور نہ تمنائے شال کر
احسان کشی نہ سایہ یک مشت بال کر
رحم فلک پہ غرہ نہ عین قہر ہی
یکرو زمار ڈالے ہی یہہ پال پال کر
ابرو و خال تیرا ہی کافی برائے قتل
زیب میان و دوش نہ تلوار ڈہال کر
اللہ میرا غنی ہی جو مانگون سو دے مجہے
ایدل کسی بشر سے نہ ہر گز سوال کر
دنیا ہی وہ مغاک جو اس مین گرا موا
ہین کیون گرون کنوے مین بہلا دیکہہ بہال کر

وہمؔ سا میرا ہی وہ سنجیدہ ہی نصیؔ
مصرع سر یک سناتا ہی باطن سے تول کر

کوئی ہی یہان جمال پر مغرور ق اور کوئی ہی مال پر مغرور
لیک دونون ہی ہین زوال پذیر ہان نہ رہ اس خیال پر مغرور
ایک سے بے کمیل اور دو شالہ مرد نادان ہی شال پر مغرور
یک سے یک ہی جہان مین قابل ہم عبث ہین کمال پر مغرور
ایک دن دیکہتے ہین خون اپنا ہین جو تلوار ڈہال پر مغرور

رُخ پہ کاجل کا یک لگا ٹیکا
خوبصورت ہین خال پر معذور

مرگ چھالے پہ ناز کرتے ہین
اے رفقے ہم ہین کہاں پر معذور

حسن وہ جنس ہو جسکے ہین خریدار ہزار
پر خریدار ہمین اس شی کی ہین نادار ہزار

دل ہو اصاف تو آئینہ وہ عالم ہو تمام
گر کھڑی ہو وہین تیرے سامنے دیوار ہزار

مجھکو یاران عدم رفتہ کی یاد آتی ہو
دیکھتے دیکھتے سب ہو گئے اُس پار ہزار

ایکدل سیکڑون سودے ہون تو حیرانی ہو
دانے تسبیح کے چون پھیرے ہو اکتار ہزار

باد و خاک آتش و آب ایسے بڑے دشمن ہین
فتنے برخاستہ کرتے ہین یہی چار ہزار

اے رفقی جو شدنی ہو سو وہ ہوتی ہو ضرور
کوئی غافل ہوا یا کہ وہ ہشیار ہزار

ہرچند ہم تو کرتے ہین تدبیر دیکھکر
لیکن ہنسی خلاف ہین تقدیر دیکھکر

حکم قضا پہ سینہ سپر جو بنائے ہو
ٹلتا ہو کب مقابلہ تیر دیکھکر

کردن مین جسکے سلسلۂ شوق یار ہو
رنجیدہ کب ہو پاؤن مین زنجیر دیکھکر

بیمار سے طبیب کو ہو یاس پر ضرور
باطل ہر یک دوائی کی تاثیر دیکھکر

ہو احتیاط خنجر ابرو سے احتیاط
کوئی بچا نہ یہہ خم شمشیر دیکھکر

ہوتے نہین ہین خواب سے بیدار نہنگ
جور و تعدی فلک پیر دیکھکر

لڑکائی سے زمانۂ پیری تک اے رفقے
ہر وقت ہم وجود مین تغییر دیکھکر

ردیف زاے معجمہ

گیسوے دلستا کا ہو باقی اثر ہنوز
آتی ہو میرے مقبرہ مین بوے گل ہنوز

کاکل کا دہیان آنکھوں میں عالم ہر شام کا
باریک یہہ رات ہوتی نہیں ہر سحر ہنوز

گیا خاک اُڑتی رہیہ طائر دل عرش پاک تک
آلودہ غبار ہیں گربال و پر ہنوز

تیار قبر ہو گئی بسنا گیا کفن
صاحب اجل عجب ہر کہ ہر پیمبر ہنوز

روتے ہوے گذر گئی ہر ہر تمام عمر
ہوتی نہیں ہر خشک میری چشم تر ہنوز

نقارے بج رہے ہیں شب و روز کوچ کے
غفلت سے ہم جہانیں ہیں کور و کر ہنوز

تکلیف جان ہر جسم زر و سیم اے نقی
قارون تہہ زمیں ہے پر زیر و زبر ہنوز

مجھکو نصرت ہر نہ کنبل سے نہ کچھ مال عزیز
کیونکہ ارباب قناعت کو ہر حال عزیز

حالت گریہ میں آنکھوں پہ دھرا رہتا ہی
اس لئے ہر کس و ناکس کو ہے رومال عزیز

چہرہ عید رمضان کا یہ دکھا دیتا ہی
کیوں نہو خرد و کلان کو مہ شوال عزیز

اہل دانش کے تئیں علم و عمل دوست ہی بس
بیوقوفوں کو ہی دنیا میں فقط مال عزیز

آگہی اور کشش دل کے لئے شام و سحر
نازنین ساقیہ رکھے ہی وہ خلخال عزیز

زندگی فاقہ کشی ساتھہ سے مرنا بہتر
دور عالم سے رہے کون کرے کال عزیز

سینہ صافی جسے کہتے ہیں نقی حال ہی وہ
ہم نہیں رکھتے ہیں طوطی کی طرح قال عزیز

زر کے سب دوست ہیں اور سبکو ہی زر دار عزیز
قدردان جیسا کہ نوکر کو ہی سردار عزیز

روز بہتر ہی مگر رات میں ستاری ہی
ہر اسیواسطے عاشق کو شب تار عزیز

شوق شاہد کو ہی پیوستہ خود آرائی کا
کیوں نہو کا زر و سیم اور در شہوار عزیز

آدمی کے تئیں اربع عناصر دشمن
ایکدن جان کو لیتے ہیں یہی چار عزیز

اے نقی سبکو ہر اک چیز ہر دنیا میں پسند
شاعر و نے مجھے برجستہ ہیں اشعار عزیز

ردیف سین مہملہ

عذاب گور ہر انسان کو جہان کی ہوس
غذا سے خوش بدن و فربہ و توانا کی ہوس

دلا غذائے مرغن پہ کیوں ہو جی للچاتا
زبان بتائیگی یک روز یہہ زبان کی ہوس

اگر نہ ہووے عماری و پالکی کیا غم
کہ زیر خاک ہر آخر کو عظم و شان کی ہوس

ہزارون شخص یہان ہنستے ہنستے مر ہی گئے
جنہون کر سر مین جمی کشت زعفران کی ہوس

نفسی ہوا و ہوس ہر شباب مین اولے
گیا زمانہ و اب چھوڑ دو کہان کی ہوس

دانا کو ہر یک امر مین ہر ایک سخن بس
دیوانہ مطلب کو ذرا شنفتہ پن بس

محفل مین نہو جنکے متین طاقت تقریر
چون صورت تصویر رہے بستہ دہن بس

ہم منشا مولد کو نہین چھوڑ سکینگے ہرگز
ایمان کے آثار ہمین جب وطن بس

منہہ کہول نہ کچھہ بول نہو مفت فضیحت
عزت کو بچانے لئے یہہ چال چلن بس

اسباب جہان کرتا ہی کیون جمع اے نادان
دنیا سے نہ لیجائے گا جز ایک کفن بس

نفسی دل کو لگاتا ہی کیون باغ جہان سے
ہوتا ہی خزان ایک دو دم مین یہہ چمن بس

کہان سے لائی یہ ہستی ہمین کہان افسوس
نظر سے غیب ہوا گلشن جہان افسوس

کہان لطافت جان اور کدہر کساف تن
ملی ہی خاک مین مورتی کی کیسی شان افسوس

ہما و مرغ ہمایون گدا کو شاہ کرے
غذا ہی اسکی فقط خشک استخوان افسوس

بچین نگاہ سے ہم یا کہ نوک مژگان سے
کہڑے ہین رو بروے تیر اور کمان افسوس

کوئی بھی دن نہیں یا رب جہان مین صرف الفت کا
گیا ہی قافلہ عمر رائیگان افسوس

بہار گلشن ہستی عجب ہی جلد زوال
کہ پہونچی ہی عقب تازگی خزان افسوس

جسے نہ رنگ نہ صورت ہو کسطرح سمجھین — خدائے پاک ہمارا ہی بے نشان افسوس
زمین سنگلاخ تھی جو جگہ مین جہان کے بیچ — چھپے شگاف لحد مین وہ پہلوان افسوس
عزیز کہتے تھے ہم جان کو سمجھ کے رفیق — ولیک ہمکو رفاقت ندی یہہ جان افسوس

تمام عمر گئی نفس پروری مین نقے
ابہی طلب ہی ہمین لذت زبان افسوس

ردیف شین معجمہ

دل اگر خوش ہی تو باغستان ہی خوش — خوش دلی سے خانہ ویران ہی خوش
زندگی باقی ہو گر بیمار کے — جو کرو اسکے لئے درمان ہی خوش
اور اگر ہی مرنے والا آدمے — اسکو اس قالب سے ترک جان ہی خوش
ایک دن دو دن نہایت تین دن — تین دن تک ہر کسی کہین مہمان ہی خوش
اس سے زائد خویش بھی ناخوش ہی یار — بے حیا مہمان سے حیوان ہی خوش
جسکے گہر عورت سے ہی دزات جنگ — ایسی آبادی سے گورستان ہی خوش
جو بگاڑے آدمی کو آدمے — ایسے بد انسان سے شیطان ہی خوش

سفلہ خو سے اے نقی مت مل کبھی
مرد عالی ظرف کا احسان ہی خوش

دنیا مین ہر کسیکو ہی آرام کی تلاش — حاتم صفت فقط ہی مجھے نام کی تلاش
عاقل وہی بشر ہی جو آغاز کار سے — رکھے ہر ایک امر مین انجام کی تلاش
تصنیف کم ہی کم ہی گر اسباب زیبوی — تکلیف بیشتر ہی سرانجام کی تلاش
ایمان جسکو روز ازل مین ہوا نصیب — خلقت مین بس اوسیکو ہی اسلام کی تلاش
کیا عاقبت بخیر ہو اُس کم نصیب کی — جو غیر شر کیا نہ کسی کام کی تلاش

مضمون رنگ رنگ کے ہون کس طرح رقم
شاعر کو جب تئین نہوا قسام کی تلاش

پابند آب و دانہ کے ایسے ہین ہم نقی
شب کو صبح کی صبح کو ہر شام کی تلاش

ردیف صاد مہملہ

نہ آئے کام پہ کچھہ بہر آب و نان اخلاص
دلون سے ربط اگر ہو تو ہے بجان اخلاص

کرے نہ دوست اگر کار دوست مین کوشش
تو اتحاد عبث ہے وہ اور کہان اخلاص

نہین وہ دوست جو کرتا ہے دوستی کا لاف
بلا کے وقت مین ہوتا ہے امتحان اخلاص

کسی زمانہ مین ظاہر تھی دوستی جانی
ہوا ہے صورت عنقا کے اب نہان اخلاص

وفا کی جاے پہ کرتے ہین بیوفائی لوگ
ہے اب کے مردون مین جمن سیرت زنان اخلاص

کرے فرار نہ کیونکر کجون سے راست مزاج
کہ تیر سے نہین رکھتی کبھی کمان اخلاص

نقی کسی سے نکر دوستی کو مستحکم
کرے ہے فرق فلک گرم ہو جہان اخلاص

ردیف ضاد معجمہ

فرض ہے قرض محبت کی جہان مین مقراض
اگرچہ دکھتی نہین وہ وہم و گمان مین مقراض

تیز گفتار کتر والے ہے انسان کا دل
غیر محسوس ہوئے ہے یہہ زبان مین مقراض

خلعت سبز درختون کو جو کرتی ہے قطع
بت جاڑی سے ہے نہان باد خزان مین مقراض

رشتۂ عمر کو دن رات کترتی ہے مدام
یہہ دورنگی ہے مگر دست زمان مین مقراض

کوئی کترے کوئی ڈالے ہے جگر مین سوراخ
نقی تیر ہے دلدوز کمان مین مقراض

نے صبح سے غرض نہ مجھے شام سے غرض
بس روے خوب و زلف دلارام سے غرض

معشوق کے وصال سے عاشق کو کام ہے
نے اُسکی آفرین نہ دشنام سے غرض

منظور ہے کسی بھی طرح ہو یہ نفس رام
تکلیف سے غرض ہے نہ آرام سے غرض

راضی ہے جو رضاے الٰہی پہ رات دن
اُسکو نہین ہے گردش ایام سے غرض

مطرب ہے نے ہے بزم مین نے بربط و سیم بھی ہے
بس اے نقی نہ ساقی گلفام سے غرض

ردیف طاے مہملہ

کیا کرون مین خاک مخلوق جہان سے اختلاط
دل مین رکھتی ہے بیر ظاہر مین زبان سے اختلاط

کم نہین ہے زینت دنیا سراب دشت سے
جز نمایش اور کیا ہے عظم و شان سے اختلاط

دن بدن بوسیدہ ہوجاتا ہے یہ مٹی کا گھر
ایکدن سر پھوڑ لیتا ہے مکان سے اختلاط

آدمی ہم ہین تو کیا لیکن بہایم کی صفت
ہے ہمین پیوستہ شکل آب و نان سے اختلاط

اے نقی ہستی سے جلد اپنا مٹا نام و نشان
گر ترے جی مین ہے دائم بے نشان سے اختلاط

دیگر

سرد و گرم دیر سے ہے مجھکو اکثر احتیاط
زندگی دہر کا شاید ہے مستر احتیاط

جب ہوا طوفان کی اُٹھتی ہے تقدیر آپ سے
کر سکے کشتی کا کیا مقدور لنگر احتیاط

نیل مین فرعون کو آخر ڈبو مارا بخت
ہو سکا اُس سے نہ با انبوہ لشکر احتیاط

کثرت اموال پر مغرور جون قارون نہو
خاک مین بیٹھا دیا انجام پر زر احتیاط

جب قضا آتی ہے ہوجاتا ہے بلی کا شکار
مرغ طیران کا نہین کرتا ہے کچھ پر احتیاط

اے نقی تقدیر ربانی پہ جو مضبوط ہے
جانتا ہے خوب وہ ہر شی مین اثر احتیاط

ردیف ظاے معجمہ

اے یار نہو درہم و دینار سے محظوظ
مت ہو زر سرخ اور دُرِ شہوار سے محظوظ

ہر آج ہم دوست خدا جانے کہ فردا
ہو جاے جدا پسر نہو دلدار سے محظوظ

دن واسطے میرے ہر پریشانی خاطر
پیوستہ میرا دل ہر شب تار سے محظوظ

حیوان ہین جو علم و ادب و عقل ندیکھین
طوطی صفت اذہان کی گفتار سے محظوظ

صحبت سبب درد دگر ہو تو بلا ہے
بیمار رہے اگلے ہی آزار سے محظوظ

قسمت پہ نقی اپنی خوشی سے ہو رضامند
اندک سے خفا اور نہ بسیار سے محظوظ

ردیف عین مہملہ

جلتی ہر جو بالین پہ میری تا سحر شمع
مانند نگہبان کے آتی ہر نظر شمع

معلوم نہین کیا ہر عداوت کہ ہر اک رات
دیتی ہر چلا سیکڑون پروانونکے پر شمع

وہ بادلہ پوش آکے میرے پاس جو بیٹھا
بیساختہ آغوش مین آتی تہی نظر شمع

اک تاج زری رکھنے سے آفت یہ ہوئی ہر
جل جل کے فنا ہو گیا بادیدۂ تر شمع

منت کش مہتاب نقی ہم نہین زنہار
اک کرمک شب تاب ہر بس ہووے نکر شمع

ہمکو نہین ہر عشق مین کچھ جان کی طمع
پروائے جان نہین ہر نہ سامان کی طمع

وحشت زدے کو بستی مین لگتا نہین دل
